# کتاب نما

ڈاکٹر محمد اجمل اصلاحی

## معانی القرآن

تصنیف ابوالحسن سعید بن مسعدہ الاخفش (متوفی ۲۱۵ھ)

۱۔ تحقیق ڈاکٹر فائز فارس، دو حصے، صفحات ۶۶۷ + مقدمہ ۱۳۶ طبع اول ۱۴۰۰ھ۔ طبع دوم ۱۴۰۱ھ، ناشر: محقق، المطبعۃ العصریہ، کویت

۲۔ تحقیق ڈاکٹر عبدالامیر محمد امین الورد، دو حصے صفحات ۸۵۸ (بشمول مقدمہ ۱۴۲ صفحات) طبع اول ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء۔ ناشر: عالم الکتب بیروت

گزشتہ چند برسوں میں قرآنیات پر جو قدیم کتابیں منظرِ عام پر آئی ہیں ان میں اخفش کی یہ کتاب کئی پہلوؤں سے بیحد اہمیت رکھتی ہے۔ اولاً ابوعبیدہ (متوفی ۲۱۰ھ) کی مجاز القرآن کے بعد اس موضوع پر یہ دوسری قدیم ترین کتاب ہے جو ہم تک پہنچی ہے۔ دوم، مصنف کا شمار نحو کے مشہور ائمہ و اساطین میں ہوتا ہے، سیبویہ کی وفات کے بعد اخفش کی امامت کوفی و بصری دونوں مکتب فکر کے نزدیک مسلم تھی۔ سوم، فن نحو پر اخفش کی مستقل تصنیفات کے ضائع ہو جانے کے بعد اخفش کے خیالات کو براہ راست جاننے کا تنہا ذریعہ یہی کتاب ہے۔ چہارم، یہ کتاب تفسیر، لغت، قرارت اور نحو کی امہات کتب کا مرجع رہی ہے۔ اخفش کی توجہ اس کتاب میں بنیادی طور پر نحوی صرفی اور لسانیاتی بحثوں پر ہے۔ الفاظ کے معانی کی تحقیق بہت کم ہے۔ چنانچہ معانی القرآن کے تین سو سترہ (۳۱۷) شعری شواہد میں مشکل سے دس شواہد لغت سے متعلق ہوں گے۔

خوش قسمتی سے اس کتاب کا ایک نادر نسخہ مشہد ایران میں محفوظ تھا، چنانچہ دونوں